NYC Commission on Human Rights

NYC Department of Housing Preservation & Development

NYC Mayor's Public Engagement Unit

تارکین وطن: رہائش میں اپنے حقوق کو جانیں



نیو یارک سٹی میں، آپ رہائش میں اپنے حقیقی یا قیاسی ترک وطن یا شہریت کی حیثیت یا آپ کے قومی بنیاد کی وجہ سے کسی کے خلاف امتیازی سلوک نہیں کر سکتے۔ آپ کو اپنے ترک وطن یا شہریت کی حیثیت سے قطع نظر حقوق حاصل ہیں۔

یہ غیر قانونی ہے ...

... مکان مالکان کے لیے کسی شخص کے ترک وطن یا شہریت کی حیثیت یا قومی بنیاد کی وجہ سے اس کو رہائش فروخت کرنے، کرایہ، یا لیز پر دینے سے انکار کرنا یا، مختلف شرائط، ضوابط، یا مراعات پر ایسا کرنا۔

... مکان مالکان کے لیے کرایہ دار کے ترک وطن یا شہریت کی حیثیت یا قومی بنیاد کی وجہ سے مرمتیں انجام دینے سے انکار کرنا یا رہائش کی غیر معیاری شرائط فراہم کرنا۔

... تارکین وطن کے لیے کرایہ داروں کے ترک وطن یا شہریت کی حیثیت یا قومی بنیا کی وجہ سے، بشمول ICE کو کال کرنے کی دھمکی دے کر یا "غیر قانونی پردیسی" کی اصطلاح استعمال کر کے ان کو ہراساں کرنا یا خوف میں مبتلا کرنا۔

... امتیازی سلوک والے طرز عمل کے خلاف کارروائی کرنے والے کسی شخص کو سزا دینا یا اس کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا، جیسے NYC کمیشن برائے انسانی حقوق (NYC Commission on Human Rights) یا یگرر ایجنسی کے پاس شکایت دائر کرنا۔

on.nyc.gov/reportdiscrimination

اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کے ترک وطن یا شہریت کی حیثیت یا قومی بنیاد، یا یگر تحفظ یافتہ درجے میں رکنیت کی وجہ سے آپ کے خلاف امتیازی سلوک ہوا ہے تو، براہ کرم امتیازی سلوک کی رپورٹ کرنے کے لیے کمیشن سے 0127-416 (212) پر رابطہ کریں۔